| | | |
|---|---|---|
| ملازمت | mulāzamat *f.* | jobb |
| عرصہ | arsa *m.* | tidsrom, tid |
| کل وقتی | kul vaqtī *adj.* | heltid |
| جز وقتی | juz vaqtī *adj.* | deltid |
| بوڑھا | būṛhā *adj.* | gammel (person) |
| خصوصی | khusūsī *adj.* | spesiell |
| سامان | sāmān *m.* | her: utstyr |
| خدمات | khidmāt *f.pl.* < khidmat | tjenester, ytelser |
| یعنی | yānī | det vil si |
| مہیّا | mohayyā *adj.* | skaffet, stilt til rådighet |
| مہیّا کرنا | mohayyā karnā *m.* | å skaffe, stille til rådighet |
| انتظام | intizām *m.* | ordning |
| انتظام کرنا | intizām karnā *m.* | å ordne |

A. Lytt til dialogene, og besvar spørsmålene!

حامد : آپ کس قسم کا کام کرتی ہیں ؟

نجمہ : میں Trygdekontor میں کام کرتی ہوں ۔

ح : آپ کو وہاں کام کرتے ہوئے کتنا عرصہ ہو گیا ہے ؟

ن : مجھے وہاں کام کرتے ہوئے چار سال ہو گئے ہیں ۔

ح : کیا آپ کل وقتی کام کرتی ہیں ، یا جز وقتی ؟

ن : میں کل وقتی کام کرتی ہوں ۔

ح : اور Trygdekontor میں کیا کرتی ہیں ۔

ن : میں بوڑھے لوگوں کے لئے trygdebolig یعنی خصوصی سامان والا مکان مہیّا کرتی ہوں ۔ اور اُن کے لئے خاص خدمات کا انتظام کرتی ہوں ۔

ح : کیا آپ اپنا کام پسند کرتی ہیں ؟

ن : جی ہاں ، کیوں کہ میں دوسروں کی مدد کرنا چاہتی ہوں ۔

**سوال :**

۱ ۔ نجمہ کہاں کام کرتی ہے اور کیا کام کرتی ہے ؟

۲ ۔ نجمہ کو وہاں کام کرتے ہوئے کتنا عرصہ ہو گیا ہے ؟

۳ ۔ کیا نجمہ کل وقتی کام کرتی ہے ؟

۴ ۔ کیا نجمہ اپنا کام پسند کرتی ہے ؟ کیوں ؟

| | | |
|---|---|---|
| موسیقی | mausīqī *f.* | musikk |
| موسیقار | mausīqār *m. & f.* | musiker |
| ساز | sāz *f.* | musikkinstrument |
| بجانا | bajānā *tr.* | å spille (musikkinstrument) |
| روزگار | rozgār *m.* | levebrød, arbeid |
| بے روزگار | be rozgār *adj.* | arbeidsløs |

حامد : آپ کس قسم کا کام کرتے ہیں ؟
آدم : میں موسیقار ہوں ۔
ح : آپ کون سا ساز بجاتے ہیں ؟
آ : میں گٹار بجاتا ہوں ۔
ح : آپ کہاں کام کرتے ہیں ؟
آ : میں کلب اور ریستوران میں کام کرتا ہوں ۔
ح : کیا آپ کل وقتی کام کرتے ہیں ، یا جز وقتی ؟
آ : میں جز وقتی کام کرتا ہوں ، یعنی شام کو ۔ دن کو میں پڑھتا ہوں ۔
ح : کیا آپ کبھی بے روزگار ہوئے تھے ؟
آ : جی ہاں میں پچھلے سال دو مہینے کے لئے بے روزگار تھا ۔
ح : پھر کیا ہوا ؟
آ : پھر مجھے ایک بینڈ میں ملازمت مل گئی ۔
ح : کیا آپ اپنا کام پسند کرتے ہیں ؟
آ : جی ہاں ، میں موسیقی کو بہت پسند کرتا ہوں ۔

**سوال :**

۱ ۔ آدم کیا کام کرتا ہے اور کہاں کام کرتا ہے ؟
۲ ۔ آدم کون سا ساز بجاتا ہے ؟
۳ ۔ کیا آدم کل وقتی کام کرتا ہے ؟
۴ ۔ گٹار بجانے کے علاوہ آدم کیا کرتا ہے ؟
۵ ۔ ٦ ۔ کیا آدم کبھی بے روزگار ہوا تھا ؟
٦ ۔ کیا آدم اپنا کام پسند کرتا ہے ؟ کیوں ؟

| | | |
|---|---|---|
| دانتوں کا ڈاکٹر | dā̃tõ kā ḍākṭar *m. & f.* | tannlege |
| کلینک | klīnik *m.* | klinikk |
| تیکنک دان | teknik dān *m.* | tekniker |
| مزدور تنظیم | mazdūr tanzīm *f.* | fagforening |
| رکن | rukn *m. & f.* | medlem |

حامد : آپ کس قسم کا کام کرتی ہیں ؟
انجم : میں دانتوں کی ڈاکٹر ہوں ۔
ح : آپ کہاں کام کرتی ہیں ؟
ا : میں شفا کلینک میں کام کرتی ہوں ۔
ح : آپ کو وہاں کام کرتے ہوئے کتنا عرصہ ہو گیا ہے ؟
ا : مجھے وہاں کام کرتے ہوئے ڈھائی سال ہو گئے ہیں ۔
ح : آپ کے ساتھ کتنے لوگ کام کرتے ہیں ؟
ا : میرے ساتھ چار لوگ کام کرتے ہیں ۔
ح : اور وہ لوگ کیا کام کرتے ہیں ؟
ا : ہم دو دانتوں کے ڈاکٹر ہیں ، ایک تیکنک دان بھی ہے ، اور ایک سیکریٹری ہے ۔
ح : کیا آپ کسی مزدور تنظیم کی رکن ہیں ؟
ا : جی ہاں ، میں Tannlegeforening کی رکن ہوں ۔
ح : کیا آپ کبھی بے روزگار ہوئی تھیں ؟
ا : جی نہیں ، میں کبھی بے روزگار نہیں ہوئی ۔
ح : کیا آپ اپنا کام پسند کرتی ہیں ؟
ا : جی ہاں بہت پسند کرتی ہوں ۔ بیمار لوگوں کی خدمت کرتی ہوں ۔

**سوال :**

۱ ۔ انجم کہاں کام کرتی ہے اور کیا کام کرتی ہے ؟
۲ ۔ انجم کو وہاں کام کرتے ہوئے کتنا عرصہ ہو گیا ہے ؟
۳ ۔ انجم کے ساتھ کتنے لوگ کام کرتے ہیں ، اور وہ کیا کرتے ہیں ؟
۴ ۔ کیا انجم کسی مزدور تنظیم کی رکن ہے ؟
۵ ۔ کیا انجم کبھی بے روزگار ہوئی تھی ؟
۶ ۔ کیا انجم اپنا کام پسند کرتی ہے ؟ کیوں ؟

B. Svar på spørsmålene. Hvis du ikke har jobb nå, kan du snakke om den siste jobben din, eller du kan snakke om din drømmejobb.

۱۔ آپ کس قسم کا کام کرتے ہیں ؟
۲ ۔ آپ کہاں کام کرتے ہیں ؟
۳ ۔ آپ کو وہاں کام کرتے ہوئے کتنا عرصہ ہو گیا ہے ؟
۴ ۔ آپ کے ساتھ کتنے لوگ کام کرتے ہیں ، اور وہ کیا کام کرتے ہیں ؟
۵ ۔ کیا آپ کل وقتی کام کرتے ہیں ، یا جز وقتی ؟
٦ ۔ کیا آپ کسی مزدور تنظیم کے رکن ہیں ؟
۷ ۔ کیا آپ کبھی بے روزگار ہوئے تھے ؟
۸ ۔ کیا آپ اپنا کام پسند کرتے ہیں ؟ کیوں ؟

C. Diskuter følgende emner.

| | | |
|---|---|---|
| بے روزگاری | be rozgārī *f.* | arbeidsløshet |
| دشوار | duśvār *adj.* | hard, vanskelig, ufordelaktig |
| ہٹانا | haṭānā *tr.* | å fjerne |
| مزدور | mazdūr *m.* | arbeider, kroppsarbeider |
| تنظیم | tanzīm *f.* | forening, organisasjon |
| فائدہ مند | fāĕda mand *adj.* | fordelaktig |
| چندہ | canda *m.* | medlemsavgift, bidrag |
| مطالبہ | mutāliba *m.* | krav |

۱۔ بے روزگاری کیا ہے ؟ بے روزگاری کیوں دشوار ہے ؟ بے روزگاری کس طرح ہٹائی جا سکتی ہے ؟
۲ ۔ کیا جز وقتی ملازمت فائدہ مند ہوتی ہے ؟
۳ ۔ مزدور تنظیم کس قسم کی تنظیم ہوتی ہے ؟ کیا ایسی تنظیم کا رکن ہونے سے کوئی خاص فائدہ ہوتا ہے ؟
۴ ۔ ہڑتال کے بارے میں کچھ بتائیے — کیا چیز ہے ؟